# اخلاق کا دُہرا معیار!۔۔۔کیوں؟

## جب ہم اپنے بارے میں اچھا سوچ رہے ہیں تو اپنے ساتھی کیلیے کیوں نہیں؟



تحریر۔۔۔۔
شایان تمثیل

شاعر اسد ملتانی نے کیا خوب کہا ہے:

ہر شخص بنالیتا ہے اخلاق کا معیار
خود اپنے لیے اور زمانے کے لیے اور

آج کے دور میں ہم اپنے اردگرد کے ماحول پر نظر دوڑائیں تو ہر شخص کے اطوار اس شعر کی عکاسی کرتے ہوئے نظر آئیں گے۔ یہ انسانی سرشت ہے کہ ہر شخص اپنی بھلائی کے متعلق سوچتا اور عمل کرتا ہے۔

یقیناً اچھا اور مثبت پہلو سامنے رکھنا ایک خوش گوار عمل ہے لیکن جب آپ اپنے لیے اچھا سوچتے ہیں تو پھر اپنے دوست احباب کیلیے بھی وہی بات کیوں نہیں سوچ سکتے؟

ہر شخص چاہتا ہے کہ وہ دنیا میں کامیابیاں حاصل کرے، اس کا معاشرتی درجہ بلند ہو، عزت و شہرت کی کمی نہ ہو، ہر شخص اس کی مثال دیتا نظر آئے۔ لیکن جب وہ یہ بات سوچتا ہے تو اس کے دل میں یہ خواہش بھی پیدا ہوتی ہے کہ کہیں اس کے کسی ساتھی کو یہ سب چیزیں نہ مل جائیں۔ اگر ایسا ہوا تو اس کا ساتھی اس کی برابری کر سکے گا۔ اس طرح اس کی اہمیت کم ہوجائے گی۔

اکثر لوگوں کے دل میں یہ خواہش ہوتی ہے کہ ہر شخص ان کے ساتھ ادب سے پیش آئے اور ان کی ہر بات پر سر تسلیم خم کرے۔ لیکن جب بات خود اُن کے رویوں کی آتی ہے تو اُن کی اَنا مجروح ہوتی ہے اور کسی کی بات تسلیم کرتے ہوئے اُن کی عزت پر حرف آتا ہے۔ کیا اس قسم کے رویے درست ہیں؟

جب ہم اپنے بارے میں اچھا سوچ رہے ہیں تو اپنے ساتھی کیلیے کیوں نہیں؟ حالانکہ بحیثیت مسلمان ہمیں اپنے لیے جو کچھ پسند ہو، وہی اپنے مسلمان بھائی کیلیے بھی پسند ہونا چاہیے اور پھر کسی کیلیے بھی منفی رویے کو اپنے دل میں جگہ نہیں دینی چاہیے۔ لیکن اس کے برعکس اخلاق کے ڈہرے معیار کی مثالیں جگہ جگہ دیکھنے میں آتی ہیں۔ اخلاق کے اس ڈہرے معیار کا سامنا ہمیں ہر میدان میں کرنا پڑتا ہے، چاہے وہ اسکول وکالج میں پڑھنے والے طلبا کے درمیان ہو یا پھر ایک دفتر کے ملازمین کے بیچ، بعض اوقات یہ مظاہرے اپنے قریبی عزیز و اقارب اور دوستوں کے تعلقات میں بھی دیکھنے کو ملتے ہیں۔

اخلاق کے اس ڈہرے معیار کے باعث زندگی میں ہمیں کئی تلخ تجربات سے گزرنا پڑتا ہے۔ کیا وجہ ہے کہ لوگ اس قسم کے ڈہرے اخلاق کا مظاہرہ کرتے ہیں؟ یہ بات روزِ روشن کی طرح عیاں ہے کہ انسانی نفسیات کی ابتدا بچپن ہی سے ہوتی ہے۔ یقیناً اس رویے کے پیچھے بھی بچپن کی ترغیب یا تربیت کارفرما ہے۔

ہم ایک اسلامی مملکت کے رہائشی ہیں اور بطور مسلمان ہمارا دین بھی ہمیں رواداری و مروت کا سبق دیتا ہے اور مسلمان بھائی کیلیے وہی پسند کرنے کا حکم دیتا ہے جو ہمیں خود پسند ہو۔ ایسی صورت میں اس قسم کے ڈہرے معیار کے حامل اخلاق کی ہماری زندگی میں چنداں گنجائش نہیں۔ اس سے پہلے کہ اپنے منافقانہ اخلاق کے باعث ہم کوئی بڑا نقصان اٹھائیں اور چاہنے والوں کی نفرت کا سامنا کریں، ہمیں ایسے ڈہرے معیار سے نجات حاصل کرنا ہوگی۔ ہمیں اپنی دیگر خامیوں کو دور کرنے کے ساتھ ساتھ اپنے اخلاق کو بھی بہتر بنانا ہوگا۔ اس کا طریقہ نہایت آسان ہے۔ اپنے آپ کو یہ باور کرائیے کہ جو رویے آپ کو ناپسند ہیں وہ دوسروں کو بھی گراں گزریں گے، اس لیے ان رویوں کا مظاہرہ نہ کیجیے۔ یقیناً آپ بہت جلد اپنے حلقہ احباب میں پُرعزت مقام حاصل کرلیں گے۔

BBC Urdu

# سرسوں کے سدابہار اور صحت افزا فوائد



سردی اور ساگ کا چولی دامن کا ساتھ چلا آرہا ہے، بالخصوص گاؤں میں رہنے والوں میں اس کا استعمال عام ہے۔ جب سے ہم نے ہوش سنبھالا ہے ہر سردی کی شروعات بھی ساگ سے اور اختتام بھی ساگ پر ہی ہوتے دیکھا ہے۔

دھند میں چھپی سردی کی صبحیں اور یخ بستگی میں لپٹی شامیں اس وقت اور بھی دلکش، دلربا اور صحت آویز ہوجاتی ہیں جب سرسوں کے ساگ میں دیسی گھی ملاکر مکئی یا باجرے کی روٹی پہ رکھ کر کھایا جائے۔

سردی میں جہاں اور بہت سی خوش کن تبدیلیاں دیکھنے کو ملتی ہیں وہیں سرسوں کے زرد پھول چہار سو بہار آنے کا پیغام پھیلاتے دکھائی دیتے ہیں۔ آنکھوں کو بھاتے اور دل لبھاتے بسنتی رنگ میں رنگے سرسوں کے کھیت کائنات کی خوبصورتی کو چار چاند لگاتے ہیں۔

شاعروں کی طبیعت انہیں دیکھ کر شاعری پر مائل ہونے لگتی ہے۔ سرسوں کے ساگ سے لے کر تیل تک بے شمار فوائد ہیں جو انسانی صحت کو بحال رکھتے اور پائیدار بناتے ہیں۔

سرسوں کا ساگ پکایا جائے یا تیل بنایا جائے، ہر دو صورتوں میں سرسوں سدابہار فوائد سے مالامال قدرتی جنس ہے۔

سرسوں کا مزاج گرم وخشک ہے اور اس کا تعلق آتشی ستارے مریخ سے ہے۔ سرسوں کی مختلف اقسام ہیں، جن میں دیسی سرسوں، گوبھی سرسوں، سفید سرسوں رایا اور توریا وغیرہ شامل ہیں۔ سرسوں میں ایک خاص قسم کا تیزابی مادہ پایا جاتا ہے جس سے اس کے تیل کا ذائقہ تلخ اور بدمزہ سا ہوتا ہے۔

گوبھی سرسوں میں تیزابی مادہ قدرے کم ہوتا ہے جس کی بنا پر اس کا ذائقہ بھی بہتر ہوتا ہے اور اس کے تیل میں پکائے گئے کھانے بھی بدمزہ نہیں ہوتے۔ گوبھی سرسوں جو کینولا کے نام سے معروف ہے اور بہت سی بناسپتی بنانے والی کمپنیاں کینولا آئل مارکیٹ بھی کرتی ہیں جو کھانا پکانے میں مستعمل ہے۔

سرسوں کا تیل صدیوں سے کھانا پکانے میں استعمال ہوتا آرہا ہے۔ سرسوں کے تیل کو ہمارے گھروں میں کوڑا یا کڑوا تیل بھی کہا جاتا ہے۔ رایا اور دیسی سرسوں میں ایک خاص قسم کے تیزابی مادے کی کثرت ہونے سے تیل کڑوا اور بدمزہ سا ہوتا ہے جو کھانے میں کڑواہٹ پیدا کردیتا ہے، یوں کھانا کھاتے وقت ناگواری کے تاثرات چہرے پہ آنا معمولی بات ہے۔

جدید سائنسی تحقیقات اور زرعی ترقی کے طفیل اجناس کے بیجوں میں بھی مفید پیش رفت سامنے آرہی ہے۔ بیجوں کی نئی اقسام کی دریافت اور ایجاد سے فصل کے جھاڑ اور معیار میں کافی بہتری آرہی ہے۔ گوبھی سرسوں یا کینولا کے تیل میں تیزابی مادوں کی مقدار خاصی کم ہوتی ہے جس سے یہ تیل پکانے کے لیے بہترین ثابت ہورہا ہے۔ کینولا آئل سے کھانے میں تلخی بھی پیدا نہیں ہوتی اور کھانا مزیدار بھی بنتا ہے۔

صحت کے حوالے سے بات کی جائے تو سرسوں انتہائی انسان دوست جنس ہے، جو انسانی صحت کی بہترین محافظ بھی ہے۔ سرسوں کے تیل میں ان سیچوریٹڈ فیٹس پائی جاتی ہیں۔ ان سیچوریٹڈ فیٹس وہ چربیاں ہیں جو انسانی بدن کی حرارت سے پگھل جاتی ہیں اور خون کو جمنے سے روکتی ہیں۔ شریانوں کو نرم رکھتی اور خون کے بہاؤ کو متوازن رکھنے میں معاون ثابت ہوتی ہیں۔

امراض قلب، ذیابیطس، بلڈ پریشر، جگری امراض اور اعصابی بیماریوں میں مبتلا مریضوں کے لیے سرسوں کا تیل خالق کائنات کی ایک نعمت بے بہا سے کم نہیں ہے۔ سرسوں کے تیل میں ہلکی سے ناگوار ہمک پائی جاتی ہے جو کھانا کھاتے وقت اکثر محسوس بھی ہوتی ہے۔

سرسوں کے تیل سے ناگوار ہمک ختم کرنے کے لیے 5 لیٹر سرسوں کے تیل میں 50 گرام ادرک کی باریک قاشیں ڈال کر تیل کو آگ پر صرف ایک ابال دلالیں۔ تیل نتھار کر محفوظ رکھ لیں اب تیل سے ناگوار ہمک کا خاتمہ ہوگیا ہے اور تیل میں بنے کھانے سے کسی قسم کی کوئی ناگواری محسوس نہیں ہوگی۔

سرسوں کا بہترین تیل کولھو سے نکلوایا جانے والا سمجھا جاتا ہے۔ 12 کلوگرام سرسوں سے 4 کلو سے ساڑھے 4 کلوگرام تک تیل برآمد ہوتا ہے۔

ہمارے ہاں ملاوٹ مافیا نے مقدار میں اضافے کے لیے اس میں بھی ملاوٹ کی ہے، جس سے یہ ناخالص اور مضر صحت ہوگیا ہے۔ ایسے قارئین جو سرسوں کے تیل کی افادیت سے استفادہ کرنے کے خواہش مند ہوں انہیں چاہیے کہ وہ گوبھی سرسوں کا تیل خود کولھو سے نکلوا کر استعمال کریں۔ بچت اور صحت ایک حاصل ہوگی۔

سرسوں کا تیل مقوی بدن کی خاصیت رکھتا ہے۔ یہ انسانی چہرے اور بدن کی رنگت نکھارتا ہے۔ یہی وجہ ہے سرسوں کے تیل کو مختلف جڑی بوٹیوں میں شامل کرکے خوبصورتی بڑھانے والے ابٹن تیار کیے جاتے ہیں۔

اسی طرح بدن پر مالش کرنے سے انسانی جسم خوبصورت اور طاقت ور ہوتا ہے۔ سرسوں کے تیل کی مالش سے بدنی خشکی اور کھجلی سے نجات ملتی ہے۔ کمر درد، جوڑوں کا درد، چوٹ اور موچ کے درد میں ہلدی اور نمک میں تیل ملاکر باندھنے سے درد میں فوری افاقہ ہوتا ہے۔ بالوں کی افزائش، ملائمت، حفاظت اور خوبصورتی کے لیے سر میں صدیوں سے سرسوں کے تیل کا مساج کیا جاتا رہا ہے۔

پاکستان میں سرسوں کی پیداوار صلاحیتیں ملکی ضروریات سے بہت کم ہیں۔ سرسوں کا تیل بناسپتی صنعت کا لازمی حصہ ہے لیکن ہم زرعی ملک ہونے کے باوجود اپنی ضروریات کا صرف 25 فیصد خوردنی تیل ملکی ذرائع سے حاصل کر پاتے ہیں۔

باقی 75% ضرورت کا خوردنی تیل بیرون ممالک سے منگونا پڑتا ہے۔ اگر ہم مقامی طور پر سرسوں کی پیداوری صلاحیت بڑھانے پر توجہ دیں تو باقی 75% خوردنی تیل اندرون ملک پیدا کرکے ہم خاطر خواہ حد تک زرمبادلہ بچانے میں کامیاب ہوسکتے ہیں۔

پاکستان میں سرسوں کی کاشت کا بہترین وقت ستمبر اور اکتوبر سمجھا جاتا ہے۔ شمالی اور وسطی پنجاب کے آبپاشی والے علاقوں میں رایا اور گوبھی سرسوں کی کاشت یکم ستمبر سے 30 ستمبر تک کی جاتی ہے جبکہ جنوبی پنجاب کے آبپاشی والے علاقوں میں رایا اور گوبھی سرسوں یکم اکتوبر سے 31 اکتوبر کاشت کرنے کا بہترین وقت ہوتا ہے۔

سرسوں کی گندلوں اور پتوں سے ساگ بنا کر لوگ مکئی اور باجرے کی روٹی کو مکھن اور دیسی گھی سے چپڑ کر مزے لے لے کر کھاتے ہیں۔ ساگ کے پراٹھے، ساگ چاول اور ساگ گوشت جیسے مزیدار پکوان بڑے شوق سے بنائے اور کھائے جاتے ہیں۔ طبی لحاظ سے ساگ ثقیل، دیر ہضم اور ریح پیدا کرنے والی خوراک ہے۔ لیکن یہ مقوی ومحرک بدن ہے۔

اعصاب ودماغ کو طاقت دیتا ہے۔ خون پیدا کرتا اور عام جسمانی کمزوری کا خاتمہ کرتا ہے۔ یہ بلغمی مواد کی افزائش کا خاتمہ کرتا ہے۔ گرم اور خشک مزاج کے حاملین کے لیے ساگ نقصان کا باعث بھی بن سکتا ہے جبکہ اس کے برعکس بلغمی اور سرد مزاج والے ساگ سے کئی بدنی فوائد حاصل کرنے میں کامیاب ہوسکتے ہیں۔

ساگ بناتے وقت اس میں شامل اجزا پالک، میتھی، میتھرے باتھو گاجر کے پتے، سبز دھنیا ادرک لہسن اور دوسرے مسالہ جات اسے ایک طاقتور غذائی مرکب بنا دیتے ہیں جو انسانی صحت کے لیے بے بہا فوائد کا ذریعہ بنتا ہے۔ ساگ قبض کشا اور پیشاب آور خواص کا حامل ہوتا ہے۔ ساگ سردی کو دور بھگاتا ہے اور شدید سردی میں بھی گرمی کا احساس بیدار رکھتا ہے۔

دیہاتوں میں ساگ بطور خوراک وافر مقدار میں استعمال کیا جاتا ہے جبکہ شہروں میں بسنے والے اپنے عزیز واقربا اور دوست واحباب کو ساگ بطور سوغات تحفے میں پیش کیا جانا پنجابیوں کی روایت ہے۔ سرسوں کو بطور چارہ مویشیوں کو بھی ڈالا جاتا ہے۔ سرسوں سے تیل نکالتے وقت سرسوں کا پھوک جسے کھل بھی کہا جاتا ہے۔ دودھ دینے والے مویشی گائے اور بھینس کو دودھ کی افزائش میں زیادتی کے لیے بطور ونڈا کھلایا جاتا ہے۔

سردی، سرسوں اور ساگ خدا کی بے مثال نعمتیں ہیں۔ سردی کے موسم میں انواع واقسام کے پکوان کھا کر لطف اٹھائیے۔ سرسوں اور ساگ کے ہوتے ہوئے سردی کی کیا مجال ہے کہ سردی آپ کے قریب بھی پھٹک سکے۔

BBC Urdu

